# حکومت شہر میں نام نہاد اور خودساختہ امن کمیٹیوں کے قیام کا فوری نوٹس لے، رابطہ کمیٹی پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حکومت سے شہر میں نام نہاد اور خودساختہ امن کمیٹیوں کی موجودگی کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ ان نام نہاد امن کمیٹیوں کے جرائم پیشہ عناصر اغواء برائے تاوان بھتہ خوری اور قتل وغارتگری سمیت دیگر سنگین جرائم میں براہ راست ملوث ہیں گزشتہ روز ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکن محمد عرفان کو بھی بھتہ نہ دینے کی پاداش میں شہید کیا گیا۔رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے تین کارکنوں رانا ریاض، محمد راشد اور محمد عرفان کی شہادت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ارباب اختیار و اقتدار سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹارگٹ کلنگ، اغواء برائے تاوان اور بھتہ خوری کے واقعات میں ملوث جرائم پیشہ کیخلاف بلاامتیاز وتفریق کارروائی کی جائے۔ یہ مطالبہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، قاسم علی رضا، کنور خالد یونس، کیف الوریٰ اور نیک محمد نے اتوار کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وسیم آفتاب نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کے قتل میں ملوث دہشتگردوں کے خلاف قانون کے مطابق ایف آئی آر درج کرائی جارہی ہے جبکہ ایم کیوایم کا اپنے کارکنوں کی شہادتوں کے مسئلے پر حکومت سے بھی رابطوں سلسلہ جاری ہے اور ایم کیوایم ہرگز ایسا کوئی راستہ اختیار نہیں کرے گی جس سے جمہوری عمل ڈی ریل ہو اور سندھ بالخصوص کراچی میں بھائی چارے اور امن وامان کی صورتحال خراب ہو جیسا کہ بعض مذموم عناصر کی یہ سازش ہی نہیں خواہش بھی ہے تاہم ایم کیوایم اس صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ایک اور سوال کے جواب میں وسیم آفتاب نے کہا کہ کور کمیٹی اور صوبائی حکومت سے ساتھ ہونیوالے اجلاسوں کے علاوہ وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے ہونیوالی ملاقاتوں میں بھی ایم کیوایم نے اپنے کارکنوں کی شہادتوں پر گہری تشویش اور تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ رکن رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج قاسم علی رضا نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ایم کیوایم کی کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ میں حقیقی دہشتگرد ملوث ہیں جبکہ شہر میں جاری ٹارگٹ کلنگ کو میڈیا میں دوگروپوں کی لڑائی کہا گیا لیکن ایم کیوایم کے کارکنوں سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ میں حقیقی دہشت گرد ملوث ہونے کے ثبوت سامنے آچکے ہیں لہٰذا یہ میڈیا کی ذمہ داری ہے کہ وہ صحیح صورتحال عوام کے سامنے پیش کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکن محمد عرفان کا قتل بھتہ نہ دینے پر کیا گیا،شہر میں بعض جرائم پیشہ عناصر نے نام نہاد امن کمیٹیاں قائم کررکھی ہیں حکومت اس کا فوری نوٹس لے،یہی شہر میں جرائم کا موجب بن رہی ہیں، حالانکہ امن کمیٹیاں شہریوں کے مفاد میں ان کو تحفظ دینے اور ان کے مسائل حل کرنے کیلئے بنائی جاتی ہیں لیکن بعض نام نہاد امن کمیٹیاں شہریوں کو نہ صرف ہراساں کررہی ہیں بلکہ بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان قتل وغارتگری اور ڈکیتی جیسے سنگین جرائم میں ملوث ہیں حکومت اس کا سخت نوٹس لیں۔اس سے قبل پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وسیم آفتاب نے کہا کہ ہفتہ کے روز مسلح دہشت گردوں نے ملیر کے علاقے میں ملیر ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض ولد رانا رمضان کھوکھر اپارنمبر 2 پاک کوثر ٹاؤن میں کھڑے ہوئے تھے کہ موٹرسائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے انہیں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کردیا۔اسی دن دہشت گردی کے دوسرے واقعہ میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ یوسی 1 کے کارکن محمد راشد ولد مشتاق احمد ظفر کو ماڈل کالونی میں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کردیا جبکہ ٹارگٹ کلنگ کا تیسرا واقعہ پاک کالونی کے علاقے آصف کالونی میں پیش آیا جہاں مسلح دہشت گردوں نے بھتہ نہ دینے سے انکار پر ایم کیوایم پاک کالونی یونٹ 187 کے ہمدرد محمد عرفان ولد محمد اسحاق کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔انہوں نے کہا کہ یہ بات سب کے علم میں ہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور سات ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 37 کارکنان و ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کردیا گیا ہے۔ یہ بات بھی آپ کے علم میں ہوگی کہ مورخہ 24، جولائی 2009ء کو کراچی کے علاقے صفورا گوٹھ میں مسلح دہشت گردوں نے جسقم کے چیئرمین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملہ کیا تھا۔حملہ کرنے والے سید مصطفیٰ زاہد عرف طیفی اور عمران کالا ولد سلیمان کا تعلق جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردسے تھا۔اسی طرح مورخہ 4، جون کو جماعت اسلامی کے سابق کونسلر ساجد نذیر کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے والے بھی جرائم پیشہ حقیقی دہشت گرد تھے۔ان حقائق سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے والے کون سے عناصر ہیں اور ان کے کیا مقاصد ہیں لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے جرائم پیشہ دہشت گردوں کو آج تک گرفتار نہیں کیا گیا ہے۔ہم ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور ان واقعات کو منتخب حکومت، جمہوری عمل اور کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ سمجھتے ہیں اور ان سازشوں میں ملوث عناصر کو پاکستان کے کھلے دشمن قرار دیتے ہیں۔ وسیم آفتاب نے مزید کہا کہ کراچی پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور کراچی کی ترقی، پاکستان کی ترقی سے مشروط ہے لہٰذا جو عناصر اپنے گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ کسی بھی طرح پاکستان اور اس کے عوام کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے۔ یہ عناصر اپنے مذموم مقاصد کے تحت کراچی میں امن وامان کی صورتحال بگاڑنا چاہتے ہیں تاکہ کراچی میں

معاشی ترقی کے عمل کو جمود کا شکار کیا جاسکے اور ملک میں جاری جمہوری عمل کو روکا جاسکے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے جبکہ ایم کیوایم ایک جمہوری جماعت ہے اور عدم تشدد کی پالیسی پر یقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم نے اپنے کارکنان کی مسلسل ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کے باوجود ہمیشہ صبر وتحمل کا درس دیا اور اس کے کارکنان نے دہشت گردی کے مسلسل واقعات کے باوجود پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنادیا۔ہم آج بھی اپنے کارکنان کو یہی تلقین کرتے ہیں کہ وہ دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر منتخب حکومت اور جمہوریت کے خلاف کی جانے والی سازشوں کو ناکام بنادیں۔لیکن ہم انسانیت اور جمہوریت دشمن عناصر کو باور کرادینا چاہتے ہیں کہ وہ ایم کیوایم کی امن پسندی کو ہماری کمزوری نہ سمجھیں۔ہم دہشت گردی کے واقعات پر مسلسل صبر کررہے ہیں اور اپنے کارکنان کو صبر کی تلقین کررہے ہیں لیکن صبر کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ بھی کیا ہے کہ کراچی میں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان وہمدردوں کی ٹارگٹ کلنگ کے مسلسل واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، ٹارگٹ کلنگ میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مثبت اور عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض شہید، محمد راشد شہید اور محمد عرفان شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں یقین دلایا کہ حق پرست شہداء کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا اور ان کے قاتل اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ہرگز بچ نہیں پائیں گے۔

## شکارپور میں انتہاء پسند عناصر شہریوں کو صحت مند تفریح سے محروم رکھنا چاہتے ہیں، ارکان سندھ اسمبلی
## مذہبی تنظیم کے انتہاء پسند عناصر کی جانب سے اسپورٹس تقریب پر حملہ اور اسے سبوتاژ کرنے پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔2، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے شکارپور میں اسپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں ایک مذہبی تنظیم کے حملے، خواتین سے بدتمیزی، کھلاڑیوں پر تشدد، توڑ پھوڑ اور تقریب کو سبوتاژ کرنے سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز شکارپور میں اسپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں ایک مذہبی تنظیم سے تعلق رکھنے والے ڈنڈا بردار انتہاء پسندوں نے حملہ کرکے تقریب کو سبوتاژ کردیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے سندھ میں طالبانائزیشن اور مذہبی انتہاء پسندی کے خدشے کا اظہار کررہے ہیں اور آج شکارپور میں اسپورٹس فیسٹیول کی قریب پر حملہ اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ شکارپور میں انتہاء پسند عناصر شہریوں کو صحت مند تفریح سے محروم رکھنا چاہتے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کی شکارپور میں اسپورٹس فیسٹیول کی تقریب پر حملہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت ورکشاپ کا انعقاد

کراچی۔۔۔2، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ورکشاپ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس، حق پرست رکن قومی اسمبلی وشعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرا اور خواتین کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی جبکہ پروگرام کی مہمان خصوصی ایم کیوایم کے شہید کارکن محمود کی والدہ محترمہ اختری بیگم تھیں۔اس موقع پر گزشتہ سات ماہ کے دوران ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان کے ایصال ثواب کیلئے دعائے مغفرت بھی کی گئی۔ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین کو ہر شعبے میں اپنی صلاحیتیں آزمانے کے مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے اور اس مقصد کے حصول میں ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارنہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام حائل ہے جس کے خلاف قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک بھر کے 98 فیصد عوام پرامن جدوجہد کررہے ہیں۔ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی وشعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرا نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خواتین میں شعور اجاگر کیا ہے۔

## ایم کیوایم سانگھڑ زون ک کارکن گلزار احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ شاہ پور چاکر کے کارکن گلزار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے ۔( آمین )

## ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن گلزار احمد ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ سانگھڑ زون یونٹ شاہ پور چاکر کے کارکن گلزار احمد علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 28 سال تھی اور انہیں گزشتہ روز دل کا دورہ پڑا تھا جس کے باعث وہ انتقال کر گئے ۔گلزار احمد مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، 2 بھائی اور 2 بہنیں شامل ہیں ۔مرحوم کو شاہ پور چاکر کے وچھے شاہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم سانگھڑ زون کی زونل کمیٹی کے ارکان، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلزار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر بن قاسم سیکٹر کے کارکن یاسین کورائی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا گیا
## پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کورنگی ٹاؤن کے کارکن محمد علی کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کر دیا گیا

کراچی۔۔۔2، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی بن قاسم سیکٹر یونٹ گھگھر یوسی 7 کے کارکن یاسین کورائی ولد قادر بخش کورائی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 2 کے کارکن محمد علی ولد شیر محمد کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کر دیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے تمام کارکنان وذمہ داران کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں ۔

# پریس کانفرنس کا متن

02/اگست 2009ء

**معزز صحافی حضرات!**

السلام علیکم !

سب سے پہلے تو اس ہنگامی پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر آپ تمام صحافی حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہیں ۔آج کی پریس کانفرنس کا مقصد آپ اور آپ کے توسط سے ملک بھر کے عوام کو کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ایم کیوایم کے مزید دو کارکنان اور ایک ہمدرد کی شہادتوں کے واقعات سے آگاہ کرنا ہے ۔

**معزز صحافی حضرات!**

ہفتہ کے روز مسلح دہشت گردوں نے ملیر کے علاقے میں ملیر ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض ولد رانا رمضان کھوکھر اپار نمبر 2 پاک کوثر ٹاؤن میں کھڑے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے انہیں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا۔اسی دن دہشت گردی کے دوسرے واقعہ میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ یوسی 1 کے کارکن محمد راشد ولد مشتاق احمد ظفر کو ماڈل کالونی میں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا جبکہ ٹارگٹ کلنگ کا تیسرا واقعہ پاک کالونی کے علاقے آصف کالونی میں پیش آیا جہاں مسلح دہشت گردوں نے بھتہ نہ دینے سے انکار پر ایم کیوایم پاک کالونی یونٹ 187 کے ہمدرد محمد عرفان ولد محمد اسحاق کو فائرنگ

کر کے شہید کر دیا۔

**معزز صحافی حضرات!**

یہ بات آپکے علم میں ہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور سات ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 37 کارکنان وہمدردوں کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا گیا ہے۔ یہ بات بھی آپ کے علم میں ہوگی کہ مورخہ 24، جولائی 2009ء کوکراچی کے علاقے صفورا گوٹھ میں مسلح دہشت گردوں نے جسقم کے چیئرمین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملہ کیا تھا۔حملہ کرنے والے سید مصطفیٰ زاہد عرف طیفی اور عمران کالا ولد سلیمان کا تعلق جرائم پیشہ حقیقی دہشت گرد سے تھا۔اسی طرح مورخہ 4، جون کو جماعت اسلامی کے سابق کونسلر ساجد نذیر کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے والے بھی جرائم پیشہ حقیقی دہشت گرد تھے۔ان حقائق سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے والے کون سے عناصر ہیں اوران کے کیا مقاصد ہیں لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے جرائم پیشہ دہشت گردوں کو آج تک گرفتار نہیں کیا گیا ہے۔ہم ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اوران واقعات کومنتخب حکومت، جمہوری عمل اور کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ سمجھتے ہیں اوران سازشوں میں ملوث عناصر کو پاکستان کے کھلے دشمن قرار دیتے ہیں۔

**معزز صحافی حضرات!**

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ کراچی پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور کراچی کی ترقی، پاکستان کی ترقی سے مشروط ہے لہٰذا جوعناصر اپنے گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کوخاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ کسی بھی طرح پاکستان اوراس کے عوام کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے۔ یہ عناصر اپنے مذموم مقاصد کے تحت کراچی میں امن وامان کی صورتحال بگاڑنا چاہتے ہیں تاکہ کراچی میں معاشی ترقی کے عمل کو جمود کا شکار کیا جاسکے اور ملک میں جاری جمہوری عمل کوروکا جاسکے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

**معزز صحافی حضرات!**

ایم کیوایم ایک جمہوری جماعت ہے اور عدم تشدد کی پالیسی پر یقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم نے اپنے کارکنان کی مسلسل ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کے باوجود ہمیشہ صبروتحمل کا درس دیا اوراس کے کارکنان نے دہشت گردی کے مسلسل واقعات کے باوجود پرامن رہ کرشہر کا امن تباہ کرنے کی ہرسازش کوناکام بنادیا۔ہم آج بھی اپنے کارکنان کو یہی تلقین کرتے ہیں کہ وہ دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کرمنتخب حکومت اور جمہوریت کے خلاف کی جانے والی سازشوں کوناکام بنادیں۔لیکن ہم انسانیت اور جمہوریت دشمن عناصر کو باورکرادینا چاہتے ہیں کہ وہ ایم کیوایم کی امن پسندی کو ہماری کمزوری نہ سمجھیں۔ہم دہشت گردی کے واقعات پر مسلسل صبر کررہے ہیں اور اپنے کارکنان کوصبر کی تلقین کررہیں لیکن صبر کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔

**معزز صحافی حضرات!**

ہم صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک، گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اورصوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان وہمدردوں کی ٹارگٹ کلنگ کے مسلسل واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، ٹارگٹ کلنگ میں ملوث عناصر کوگرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مثبت اورعملی اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

ہم دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض شہید، محمد راشد شہید اور محمد عرفان شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اورانہیں یقین دلاتے ہیں کہ حق پرست شہداء کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا اوران کے قاتل اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ہرگز بچ نہیں پائیں گے۔

آخر میں اس پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر ایک مرتبہ پھر آپ کے شکرگزار ہیں۔

والسلام

رابطہ کمیٹی

متحدہ قومی موومنٹ (پاکستان)